FGSTUDY.COM ایف جی اسٹڈی ڈاٹ کام

اُردو (لازمی) پہلا گروپ (1st A 423) انٹرمیڈیٹ پارٹ-II، کلاس 12th

پرچہ II

وقت: 2:40 گھنٹے مارکس: 80

Geo-12-1-23

حصہ اول انشائی

2 - (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجئے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھئے۔ (8+1+1=10)

ترا شباب امانت ہے ساری دنیا کی تو خارزارِ جہاں میں گلاب پیدا کر

سکون خواب ہے بے دست و پا ضعیفی کا تو اضطراب ہے خود اضطراب پیدا کر

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجئے اور شاعر کا نام بھی لکھئے۔ (3+3+3+1=10)

موت! کیا آ کے فقیروں سے تجھے لینا ہے مرنے سے آگے ہی ، یہ لوگ تو مر جاتے ہیں

دید و اُدید جو ہو جائے ، غنیمت سمجھو جُوں شرر ورنہ ہم اے اہلِ نظر جاتے ہیں

بے ہنر ، دشمنِ اہلِ ہنر سے ، آ کر منہ پہ چڑھتے تو ہیں ، پر جی سے اُتر جاتے ہیں

حصہ دوم

3 - درج ذیل اقتباسات میں سے کسی ایک کی تشریح بحوالہ سیاق و سباق کیجئے۔ سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھئے۔ (10+3+1+1=15)

(الف) عمر بن عبدالعزیزؒ کی حکومت و سلطنت کا اصل اصول مساوات اور جمہوریت تھا۔ یعنی یہ کہ تمام لوگ یکساں حقوق رکھتے ہیں اور بادشاہ کو کسی پر کسی قسم کی ترجیح حاصل نہیں۔ صرف ملکی امور میں نہیں بلکہ معاشرت اور ذاتی زندگی میں بھی عمر بن عبدالعزیزؒ اس کا لحاظ رکھتے تھے۔ ان کے کھانے کا یہ طریقہ تھا کہ عام مسلمانوں کے لیے جو لنگر خانہ تھا، اُس میں ایک درہم روز بھیج دیا کرتے تھے اور وہیں جا کر عام مسلمانوں کے ساتھ کھا لیتے تھے۔

(ب) اس ایسٹ ویسٹ سینٹر کے علاوہ یونی ورسٹی کا میلوں میں پھیلا ہوا احاطہ بھی ایک دیدہ زیب سبزہ زار ہے۔ ہر قدم پر گل آویزاں رَوشیں اور بتدریج باڑیں، لیکن اس کے علاوہ جو سب سے دل پذیر عنصر اس فضا میں پایا جاتا تھا وہ تھا بین الاقوامی طلبہ کا ربط ضبط۔ جنوبی بحرالکاہل سے لے کر جاپان ، انڈونیشیا ، برما ، ملایا ، فلپائن ، کوریا ، ویتنام ، فجی کے جزائر ، آسٹریلیا ، پاکستان ، ہندوستان ، یورپ اور امریکا کے جواں سال جویندگانِ علم، یہ معاشرتی تنوع بھی ایک تعلیمی حیثیت رکھتا تھا۔

(ورق اُلٹئے)

4 - درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھئے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجئے۔ (9+1 =10)

(i) نواب محسن الملک (ii) مولانا ظفر علی خاں

5 - اَسرارالحق مجاز کی نظم " نوجوان سے خطاب " کا خلاصہ تحریر کیجئے۔ (5)

6 - درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مفصل مضمون تحریر کیجئے۔ (20)

(i) محسنِ انسانیت خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم (ii) فنی تعلیم (iii) انٹرنیٹ - فوائد اور نقصانات

7 - منشیات کے بڑھتے ہوئے رجحان کی طرف توجہ دلانے کے لیے اخبار کے مدیر کو خط لکھئے۔ (10)